NYSED.gov

سبھی طلبہ کے لیے عزت واحترام کا قانون کیا ہے؟

سبھی طلبہ کے لیے عزت واحترام کا قانون [Dignity for All Students Act (DASA)] تمام طلبہ کو نسل، مذہب، صنف، قومی بنیاد، نسلی گروپ، اور جنسی میلان کی بنا پر امتیازی سلوک، ہراسانی، اور دھونس سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ یہ آن لائن اور شخصی طور پر ہراساں کرنا دونوں کو شامل ہے۔

اگر میرے بچے پر دھونس جمائی جا رہی ہے یا اسے ہراساں کیا جارہا ہے تو مجھے کیسے پتہ چلے گا؟

کچھ بچے ہو سکتا ہے بڑوں کے ساتھ دھونس جمانے کے واقعات شیئر نہ کریں۔ اس بات کی نشانیاں کہ آپ کا بچہ ہراسانی کا شکار ہے مندرجہ ذیل ہو سکتی ہیں:

- رویہ میں تبدیلی
- چوٹیں، نشانات، یا کھرونچیں
- اس کی چیزوں کا غائب یا برباد ہونا
- سردرد یا پیٹ درد کی شکایات
- سونے میں دشواری
- گریڈز کا کم ہونا یا اسکول میں دلچسپی کا ختم ہونا
- بیمار ہونے کا بہانہ بنانا یا اسکول جانے سے گریز کرنا

یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ سبھی بچوں کا دھونس جمانے کے تئیں رد عمل مختلف ہوگا۔

دھونس جمانے یا ہراساں کرنے کی کیا شکلیں ہوتی ہیں؟

دھونس جمانے کی متعدد شکلیں ہیں، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- **جسمانی بد سلوکی**
  - مارنا یا دھکیلنا
- **فقرہ کسنا**
  - چھیڑنا، برے القاب سے نوازنا، یا بھونڈا مذاق کرنا
- **سماجی علیحدگی**
  - طلبہ کو باہر یا الگ تھلگ کرنا
- **تحریری ہراسانی**
  - گریفٹی، خاکے، نوٹس، یا تصاویر
  - ٹیکسٹ، ای میلز، یا دیگر سوشل میڈیا

میرے اسکول کے لیے کیا کرنا لازمی ہے؟

آپ کے اسکول کے پاس طلبہ کو دھونس اور ہراسانی سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے پالیساں اور ضابطے ہونے چاہئیں۔ تمام ملازمین کو امتیازی سلوک اور ہراساں کرنے کے ممکنہ اعمال کی شناخت کرنے اور ان پر کارروائی کرنے کے لیے تربیت دی گئی ہے۔

طلبہ کے آپسی تعلقات کو رہنمائی فراہم کرنے والے رسمی نصاب اور ضابطۂ اخلاق کے علاوہ، آپ کے اسکول سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ ایک DASA کوارڈینیٹر مقرر کریں جو کہ ڈسٹرکٹ کے ذریعہ واقعہ کی چھان بین کی نگرانی کے لیے ذمہ دار ہو، نیز اس بات کی دستاویزات سازی کے لیے کہ اس طرح کا واقعہ پیش آیا ہے۔

کسی واقعہ کی اطلاع کے بعد، پرنسپل یا کیمپس کے لیے نامزد شخص کے لیے دو دن کے اندر جواب دینا لازمی ہے۔

اگر مجھے یقین ہو کہ میرے بچے پر دھونس جمائی جا رہی ہے یا اسے ہراساں کیا جارہا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

سب سے پہلے واقعہ کی اطلاع دینے کے لیے آپ کو اپنے اسکول میں کسی شخص سے رابطہ کرنا چاہیے۔ یہ DASA کوارڈینیٹر، اسکول پرنسپل، کوئی استاد یا کونسلر، یا عملہ کا کوئی دیگر رکن ہو سکتا ہے۔ اگر دھونس جمانے یا ہراساں کرنے کا عمل آپ کے بچے کی نسل، مذہب، صنف، قومی بنیاد، نسلی گروپ، یا جنسی میلان کی بنا پر ہے تو آپ مندرجہ ذیل تین طریقوں میں سے کسی ایک کے ذریعہ راست طور پر نیویارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں:

1) ہماری پیرنٹ ہیلپ لائن پر کال کریں: 800-469-8224formatting of this phone number is different from the others
2) (718) 722-2445 پر براہ راست نیویارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم سے رابطہ کریں۔
3) nysparenthotline@nyu.edu پر ای میل بھیج کر کوئی گمنام رپورٹ کریں۔

اگر آپ نے واقعہ کی اطلاع کر دی ہے اور اب بھی وہ طرز عمل جاری ہے تو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے آپ کو ایک فالو اپ رپورٹ فائل کرنی چاہیے کہ DASA کوارڈینیٹر حالات سے واقف رہے اور اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا بچہ غیر محفوظ ہے تو (718) 722-2445 یا (518) 486-6090 پر نیویارک اسٹیٹ محکمۂ تعلیم کے دفاتر کو مطلع کریں۔